© rasailojaraid.com

ادبیات

ثمرات

از جناب نہالؔ سیوہاروی

فسانہ دردِ محبت کا میں سناؤں کیا
وفا کی شان دکھاؤں تو یوں دکھاؤں کیا

زباں پہ شکوہ بیدادِ یار لاؤں کیا
یہی ہے منشورہ دل تو مرنہ جاؤں کیا

زمانہ پھر نظر آتا ہے ناشناسِ حجاب
رخِ حیات سے میں اب نقاب اٹھاؤں کیا

فروغِ آتشِ غم کیا ہے زندگانیِ دل
جو زندگانیِ دل ہے اسے بجھاؤں کیا

ترے خیال میں ہر چیز سے اٹھایا ہاتھ
ترے خیال سے میں ہاتھ اب اٹھاؤں کیا

جہاں ہے درپئے انکار قوتِ باطن
پھر اپنی قوتِ باطن کو آزماؤں کیا

جفائے برق کے مارے ہوئے ہیں اہلِ چمن
ترانہ ہائے مسرت سنوں سناؤں کیا

درِ مغاں پہ بھی آکر بجھی نہ پیاس مری
درِ مغاں سے بھی میں تشنہ کام جاؤں کیا

مری نگہ میں دو عالم ہیں ذرۂ ناچیز
نگاہ ذرۂ ناچیز سے ملاؤں کیا

ہزار دلکش و رنگیں سہی طلسمِ حیات
مگر فریب طلسمِ حیات کھاؤں کیا

کبھی جو دور سے دیکھا بھی میں نے سوئے چمن
چمن نے کھل کے پکارا قریب آؤں کیا

جوابِ چشمۂ حیواں ہو جب سخن میرا
سراغِ چشمۂ حیواں میں سر کھپاؤں کیا

مجھے قبول نہیں عیش و دولتِ جم و کے
کمینہ سایۂ دولت کے ناز اٹھاؤں کیا

© rasailojaraid.com